بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## حرفِ اول

# قرآن کالج ـــــ آئی کام کلاسز کا اجراء

مرکزی انجمن خدام القرآن کی تاسیس کے موقع پر اس کے حسب ذیل اغراض و مقاصد معین کئے گئے تھے :

۱ ۔ عربی زبان کی تعلیم و ترویج

۲ ۔ قرآن مجید کے مطالعے کی عام ترغیب و تشویق

۳ ۔ علوم قرآنی کی عمومی نشر و اشاعت

۴ ۔ ایسے نوجوانوں کی مناسب تعلیم و تربیت جو تعلیم و تعلّم قرآن کو مقصد زندگی بنالیں ۔

۵ ۔ ایک ایسی "قرآن اکیڈمی" کا قیام جو قرآن حکیم کے فلسفہ و حکمت کو وقت کی اعلیٰ ترین علمی سطح پر پیش کر سکے ۔

مندرجہ بالا پانچ مقاصد میں سے اولین چار مقاصد کے حصول کے لئے جہاں دیگر ذرائع مثلاً قرآنی تعلیمات پر مبنی کتب و رسائل کی اشاعت' دروس قرآن کی ہفتہ وار محافل کا اہتمام' قرآن کانفرنسوں اور محاضرات قرآنی کا انعقاد وغیرہ کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے' وہاں ان کے حصول کا ایک اہم اور موثر ادارہ قرآن کالج بھی ہے جو "قرآن اکیڈمی" کے لئے بھی نرسری کا درجہ رکھتا ہے۔ اس لئے کہ قرآن کالج میں طلبہ کے لئے جہاں بورڈ اور یونیورسٹی کی باقاعدہ تعلیم کا عمدہ انتظام موجود ہے وہاں انہیں چار سال کے عرصے میں نہ صرف یہ کہ عربی گرامر پختہ بنیادوں پر پڑھائی جاتی ہے بلکہ قرآن کے ایک قابل ذکر حصے کا ترجمہ کرانے کے ساتھ ساتھ اس کے منتخب مقامات کا تفصیلی مطالعہ بھی کرایا جاتا ہے۔ مزید برآں تجوید کی ابتدائی ضروری تعلیم بھی کالج کے نصاب میں شامل ہے۔ اس طرح گریجویشن کے ساتھ ساتھ انہیں دینی تعلیم و تربیت کے ابتدائی مراحل سے گزرنے کا بھی موقع ملتا ہے۔

گزشتہ سال یہ تجویز مرکزی انجمن کی انتظامیہ کے زیر غور تھی کہ قرآن کالج میں ایف اے کے ساتھ ساتھ آئی کام کلاسز کا بھی آغاز کر دیا جائے۔ واضح رہے کہ قرآن اکیڈمی کراچی میں کامرس کالج کا قیام عمل میں آچکا ہے اور یہ تجربہ خاصا کامیاب ثابت ہوا ہے۔ چنانچہ اس سال قرآن کالج میں ایف اے کے داخلوں کے ساتھ ساتھ آئی کام میں داخلے کے خواہشمند طلبہ سے بھی درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔ اگست کے پہلے ہفتے میں ان شاء اللہ العزیز نئی کلاسوں میں تدریس کا آغاز ہو جائے گا۔ اب تک وصول ہونے والی درخواستوں کو دیکھتے ہوئے امید واثق ہے کہ آئی کام کلاس کا اجراء بھرپور انداز میں ہو گا۔

السعی منّا والاتمام من اللہ ○○

© rasailojaraid.co
© rasailojaraid.co